واضح اور مدغم۔

جنس،عمر اور ثقافتی پس منظر سے بالا تر ہو کر تمام خواہش مند افراد کو رضاکار تنظیم میں شامل ہونے کا موقع فراہم کیا جائے گا۔

کیا
آپ کو معلوم تھا:

- آبادی کا 48% فیصدحصہ ہر سال رضاکارانہ کام میں حصہ لیتے ہیں۔

-رضاکارانہ کام 115000 سالہ کام کے برابر ہیں؟یہ تقریباً تیل کی پیداوار کی مد میں کیے گے کام کا تین گنا ہے۔

-آبادی کا 84% فیصد حصہ ایک یا زیادہ تنظیموں کا ممبر ہے۔

اس طرح ہم ایک دوسرے کو بہتر طریقہ سے جانچتے اور سمجھتے ہیں۔ ایک واضح اور مدغم رضاکار تنظیم ایک واضح اور مدغم معاشرے کا اہم حصہ ہے۔

اگر آپ اپنے علاقے کی رضاکار تنظیموں کے بارے میں جاننا چاہتے ہیں تو شاید بلدیہ یا محلے کی ویب سایٹ سے ان علاقائی ٹیموں اور تنظیموں کا اندازہ ہو سکتا ہوا۔ بہت ساری تنظیموں کے دفاتر آپ کے علاقے میں موجودہ حالات کے بارے میں معلومات فراہم کر سکتے ہیں۔

ویب سائیٹ Frivillighet Norge
www.frivillighetnorge.no
پر بہت ساری تنظیموں کی معلومات موجود ہیں۔ آپ اپنے علاقائی رضاکارانہ مرکز سے بھی اپنے علاقے میں موجود تنظیموں کے بارے میں معلومات حاصل کرسکے ہیں۔

FRIVILLIGHET NORGE, St. Olavsgate 25, 0166 Oslo.
www.frivillighetnorge.no, post@frivillighetnorge.no,
tlf: 21 56 76 50

Denne brosjyren er del av et inkluderingsprosjekt som gjennomføres av Frivillighet Norge med støtte fra Kulturdepartementet og IMDi.

URDU

Design og produksjon: Itera Gazette



رضاکار تنظیموں کو آپ کی ضرورت ہے!

FRIVILLIGHETNORGE

صفحہ اول کے بارے میں - دل نما
وافل کافی عرصے سے رضاکار اور فلاحی
کاموں کا نشان رہا ہے-لیکن آج کل ور رول،
سموسہ یا بوریتو کو بھی اس کا نشان بنایا
جا سکتا ہے-

رضاکار تنظیموں کو آپ کی ضرورت ہے!

ناروے میں 100000 رضاکار تنظیمیں موجود ہیں ان میں ہر قسم کی سرگرمیاں، مذہبی، کھیل کود، موسیقی اور کمپیوٹر گیم پر مشتمل ہیں۔ یقیناً آپ کو کوئی نہ کوئی اپنی پسند کی تنظیم مل جائے گی۔

برگیتے بریکے۔ داگلی لیڈر فری ولی ہیت ناروے۔
(Frivillighet Norge)

ناروے میں رضاکار تنظیموں کی کاوش سال کے کام کے برابر تقریباً 115000 ہے ۔یہ تنظیمیں مزید افراد کی شمولیت کی خواہش رکھتی ہیں۔

ہمارا خیال ہے کہ رضا کاری ہمارے معاشرے کے لیے پٹرول سے زیادہ اہم ہے۔ اس کام کے بغیر ناروے رک سکتا ہے! اس لیے اگلی دفعہ کسی کھیل کی ٹیم ،سکول کے بینڈ یا ریڈ کراس کی جانب سے دعوت ملنے پر ''ہاں'' کریں ۔ یہ آ پکو اور پورے معاشرے کو مزید توانا بنانے میں مدد دے گا۔
برگیتے بریکے۔ داگلی لیڈر فری ولی ہیت ناروے۔

رضاکار تنظیمیں معاشرے کو آگے بڑھاتی ہیں۔ ان سے لوگوں میں میل جول بڑھتا ہے۔ زندگی میں ہلچل پیدا ہوتی ہے، آپس میں جان پہچان، میل جول میں خوشی اور اعتماد بڑھتا ہے۔

رضاکاری کا مقصد صرف دوسروں کی مدد کرنا ہی نہیں ہے۔ بلکہ اس کا مقصد ان سرگرمیوں میں حصہ لینا ایسا ہی ہے جیسا کہ مسجد میں فٹبال کے میدان میں یا سیاست میں۔
رضاکار تنظیموں کا سب سے اہم کام بغیر کسی معاوضے کے خدمت خلق اور ممبران، والدین اوردیگر افراد کی جانب سے مالی امداد ہے۔

ایک رضاکار تنظیم کیا ہے؟

ایک رضاکار تنظیم ایسے لوگوں پر مشتمل ہوتی ہے جو کسی ایک مقصد یا سرگرمی کے لیے بغیر کسی مالی معاوضے کے مل جل کر کام کرتے ہیں۔ یہ تنظیمیں خود مختار ہونے کے علاوہ، اپنے فیصلے خود کرتی ہیں۔ یہ حکومت اور بلدیہ کے زیر اثر نہیں ہوتیں۔ ان تنظیموں کے ممبران اجلاسوں میں مل کر قواعد و ضوابط از خود ترتیب دیتے ہیں۔





رضاکار ہونے کا مطلب یہ
ہے کہ جس معاشرے میں ہم
رہتے ہیں اس کی ذ مہ داری
اٹھانا اور اس کی روزمرہ زندگی
پر اثر اندازی میں شمولیت
اختیار کرنا ہے۔ اور اس کا
مطلب عمل کرنا ہے نہ کہ صرف
باتیں کرنا ہے

AREZO BANAFSHEH,
(آرزوبنافشہ،حکومت اور تارکین وطن کے مابین
رابطی اہلکار)

کیا آپ اس سے متفق ہیں؟

ایک سال کے عرصے میں ناروے کی آبادی کا 48٪ حصہ ایسی رضاکارانہ کام میں حصہ لیتا ہے۔ رضاکار کسی بھی تنظیم کے لے مفت کام کرتا ہے۔ کسی سکول کے بینڈ میں حصہ لینے کو رضاکارانہ کام نہیں کہا جا سکتا۔ لیکن اگر آپ بغیر کسی معاوضے کے، مثال کے طور پر اس تنظیم کے ممبر بنتے ہیں،ٹور اور کنسرٹ وغیرہ کے پلان بنانے میں ء کا لین دین کرنے کو رضاکارانہ کام کہاشامل ہوتے ہیں یا مالی مدد کے لیے پرانی اشیا جا سکتا ہے۔

ایسی رضاکار تنظیموں کی ایک طویل تاریخ ہے۔ لیکن ان کے مقاصد اور سرگرمیوں میں تبدیلی آ چکی ہے۔

آجکل ناروے میں زیادہ تر تنظیموں کا مقصد، ثقافت، کھیل کود اور دیگر مشاغلی سرگرمیاں ہے۔

رضاکارانہ کام سے خدمت کا کام آگے بڑھتا ہے۔ رضاکار والدین کے بغیر سکول کے بینڈ کا کام رک جاتا ہے۔ رضاکار تنظیموں کی بنیاد ہر ایک چیز کا واضح یا ظاہر ہونا اور تمام افراد کا اس تنظیم کے قواعد و ضوابط کا سمجھنا ضروری ہے۔ مثال کے طور پر تنظیم کی آمدن کا مصرف کیا ہے۔ حکومت

اور افراد کی اکثریت ان تنظیموں پر اعتماد کرتی هیں۔اور یہ چیز اپنی سرگرمیوں کے لیے رقم جمع کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔ تنظیم بنانے کا فائدہ یہ ہے کہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس میں شامل ہوں۔

وافر مواقع:

تنظیمیں ہیں۔100000ناروے میں ان میں کچھ وسیع ہیں اور پورے ملک میں متحرک ہیں لیکن ذیادہ تر چھوٹے پیمانے پر کام کرتی ہیں۔ان تنظیموں کے مقاصد اور سرگرمیوں کی چند مثالیں موسیقی،رقص،کمپیوٹر گیم،کھیل،مذھب،ماحولیاتی تحفظ،سماجی کام،سکول کے کام میں مدد،دیگرامدادی کام،سیاست،تربیت اور کھلی فضا کی سرگرمیاں ہیں۔صرف اوسلو میں تنظیمیں300مختلف تارکین وطن کی قریباء موجود ہیں۔

رضاکارانہ تنظیموں کے وسائل۔



- ثقافت،فارغ اوقات،کھیل۔
- مکان اور معاشیات۔
- فلاحی کام۔
- سیاست،انسانی اور ماحولیات۔
- مذہب اور عقائد ۔

رضاکار کیا کرتے ہیں؟



رضاکارتنظیموں کے وسائل۔

زیادہ تر رضاکار تنظیموں میں تنخواہ دار ملازم نہیں ہوتے۔ ان کی کم آمدنی اور کلی طور پر رضاکارانہ کام پر انحصار ہو تا ہے۔ ان تنظیموں میں سرگر میوں کا وجود ممبران، والدین اوررضاکاروں کے بغیر عمل میں نہیں آتا۔ مثال کے طور پر فٹ بال کی ٹیم کبھی بھی صحیح طریقے سے چل نہیں سکتی جب تک والدین حصہ نہ لیں، جیسا کے یونیفارم دھونا، بچوں

کو میچ کھیلنے کے لیے لانا اور لے جانا،تربیت دینا،وافلر(اور ور رول بیجنا،یا پھر ٹیم کی ذمہ داری اٹھانا۔ ممبرشپ فیس بہت کم ہوتی ھے اور پیشہ ورانہ افراد کو ملازم رکھنے کی استطاعت نہیں ھوتی

KIRK اور KRFU میں میری شمولیت کی اولین وجہ میرے دوستوں کا ان تنظیموں میں متحرک ہونا تھا۔ لیکن بعد میں مجھے ان تنظیموں کے مقاصد اور سرگرمیاں اچھی لگیں۔

BAGUMA BURANGA,
(بگوما بورنگا،بیورو)

> رضاکارانہ کام کے ذریعے مختلف
> ثقافت سے تعلق رکھنے والے طالب
> علموں کو ہم نے ایک ایسا میدان فراہم
> کیا ہے جہاں وہ ملتے ہیں اور اپنے سوچ
> و خیالات کا تبادلہ کرتے ہیں

AMIN ASSKALI,
(آمین اسکالی- عربی سٹوڈنٹ شپ)

میں کیا کرسکتا ہوں؟

رضاکارانہ کام آپ کو آمدنی کی بجاے بہت کچھ دے سکتا ہے ۔
ایسی رضا کارتنظیمیں مندرجہ ذیل چند وجوھات کی بنا پر بنائ جاتی ہیں۔

.... مختلف افراد سے میل جول
.......سکیھنے سمجھنے کے مواقع
.......اپنے مشاغل سے متعلق سرگرمی۔
.......بچوں کی مثبت فراغتی سرگرمی۔
.......اپنے اعتقاد اور عقیدے کے لے جدوجہد ۔
.......اپنے آپ کو نمایاں کر نے اور عزت کے حصول کے لئے۔
.......ایسا تجربہ جو ملازمت کے حصول کے لیے مددگار ہو۔
.... دلچسپ ماحول کے حصول کے لیے
.......دوستوں کی قربت
.......ضرورت مندوں کی مدد۔
.......فارغ اوقات کا مفید استعمال

مل
جل کے کرو۔

کیا آپ کے ایسے بچے ہیں جو کسی تنظیم کی تقریب پر مدعو ہیں؟ تو اس بات کا یقین ہونا چاہیے کہ بحثیت والدین آپ بھی اس موقع پر مدعو ہیں۔ یہ رضاکارانہ تنظیمیں ایسے والدین کو شامل کرنے کی خواہش مند ہیں جو اپنے بچوں کی سرگرمیوں میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ معلوم کیجیے کہ آپ اس تنظیم کے لیے کیا کر سکتے ہیں۔